# سرپرائز میڈیکل بلز کے خلاف آپ کے حقوق اور تحفظات

جب آپ کو ہنگامی نگہداشت حاصل ہوتی ہے یا نیٹ ورک سے باہر کے کسی فراہم کنندہ کے ذریعے درون نیٹ ورک ہسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل سنٹر میں علاج کرواتے ہیں تو، آپ سرپرائز بلنگ یا بیلنس بلنگ سے محفوظ رہتے ہیں۔ ان صورتوں میں، آپ سے آپ کے منصوبہ کی مشترکہ ادائیگی، بیمہ مشترکہ، اور/یا قابل کٹوتی سے زیادہ چارج نہیں کیا جانا چاہیے۔

## "بیلنس بلنگ" (جسے کبھی کبھی "سرپرائز بلنگ" کہا جاتا ہے) کیا ہے؟

جب آپ کسی ڈاکٹر یا دوسرے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے دکھاتے ہیں، تو آپ پر کچھ استطاعت سے باہر کے اخراجات واجب الادا ہو سکتے ہیں، جیسے کہ مشترکہ ادائیگی، مشترکہ بیمہ یا قابل کٹوتی۔ اگر آپ کسی فراہم کنندہ سے دکھاتے ہیں یا نگہداشت صحت کی کسی فیسیلٹی میں جاتے ہیں جو آپ کے صحت کے منصوبہ کے نیٹ ورک میں نہیں ہے تو، آپ کے اضافی اخراجات ہو سکتے ہیں یا آپ کو پورا بل ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔

"نیٹ ورک سے باہر" ان فراہم کنندگان اور فیسیلٹیز کی وضاحت کرتا ہے جنہوں نے آپ کے صحت کے منصوبہ کے ساتھ معاہدہ نہیں کیا ہے۔ نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان کو آپ کے منصوبہ کی ادائیگی اور خدمات کیلئے وصول کی جانے والی پوری رقم کے درمیان فرق کیلئے آپ کو بل دینے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ اسے **"بیلنس بلنگ"** کہا جاتا ہے۔ یہ رقم ممکنہ طور پر اسی سروس کے اندرون نیٹ ورک اخراجات سے زیادہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ آپ کی سالانہ استطاعت سے باہر کی حد میں اس کا شمار نہ ہو۔

"سرپرائز بلنگ" ایک غیر متوقع بیلنس بل ہے۔ ایسا اس وقت ہو سکتا ہے جب آپ کنٹرول نہیں کر سکتے کہ آپ کی نگہداشت میں کون شامل ہے—جیسے کہ جب آپ کو کوئی ہنگامی صورتحال کا سامنا ہو یا جب آپ کسی درون نیٹ ورک فیسیلٹی میں جانے کا شیڈول بناتے ہیں لیکن نیٹ ورک سے باہر کے کسی فراہم کنندہ سے غیر متوقع طور پر علاج کرواتے ہیں۔ آپریشن یا خدمت کے لحاظ سے سرپرائز میڈیکل بلز میں ہزاروں ڈالرز کا خرچ آ سکتا ہے۔

## درج ذیل کیلئے آپ کا بیلنس بلنگ سے تحفظ کیا جاتا ہے:

**ہنگامی خدمات**
اگر آپ کو ہنگامی طبی حالت پیش آ گئی ہے اور آپ نیٹ ورک سے باہر کے کسی فراہم کنندہ سے یا فیسیلٹی میں ہنگامی خدمات حاصل کرتے ہیں تو، فراہم کنندہ یا فیسیلٹی آپ کو سب سے زیادہ جو بل دے سکتا ہے وہ آپ کے منصوبے کی درون نیٹ ورک لاگت کی حصہ داری والی رقم (جیسے مشترکہ ادائیگی، بیمہ مشترکہ اور قابل کٹوتی) ہے۔ آپ کو ان ہنگامی خدمات کیلئے بیلنس بل **نہیں** دیا جا سکتا۔ اس میں وہ خدمات شامل ہیں جو آپ کو مستحکم حالت میں ہونے کے بعد حاصل ہو سکتی ہیں، الا یہ کہ آپ تحریری رضامندی دے دیں اور اپنے تحفظات کو ترک کر دیں تاکہ استحکام کے بعد کی ان خدمات کیلئے بیلنس بل نہ دیا جائے۔

**درون نیٹ ورک ہسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل سنٹر میں مخصوص خدمات**
جب آپ درون نیٹ ورک ہسپتال یا ایمبولیٹری سرجیکل سنٹر سے خدمات حاصل کرتے ہیں تو، وہاں کچھ فراہم کنندگان نیٹ ورک سے باہر کے ہو سکتے ہیں۔ ان صورتوں میں، وہ فراہم کنندگان آپ کو جو سب سے زیادہ بل دے سکتے ہیں وہ آپ کے منصوبہ کی نیٹ ورک کی لاگت کی حصہ داری والی رقم ہے۔ اس کا اطلاق ایمرجنسی میڈیسن، انیستھیسیا، پیتھالوجی، ریڈیولوجی، لیبارٹری، نیونیٹولوجی، اسسٹنٹ سرجن، ہاسپٹلسٹ، یا انٹینسیوسٹ سروسز پر ہوتا ہے۔ یہ فراہم کنندگان آپ کو بیلنس بل **نہیں** دے سکتے ہیں اور آپ سے اپنے تحفظات ترک کرنے کا **نہیں** کہہ سکتے ہیں کہ بیلنس بل نہ دیا جائے۔

اگر آپ درون نیٹ ورک فیسیلٹیز میں دوسری اقسام کی خدمات حاصل کرتے ہیں تو، نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان آپ کو بیلنس بل **نہیں** دے سکتے، الا یہ کہ آپ تحریری رضامندی دے دیں اور اپنے تحفظات کو ترک کر دیں۔

**آپ کو بیلنس بلنگ سے اپنے تحفظات کو ترک کرنے کی ضرورت کبھی بھی نہیں ہے۔ آپ کو نیٹ ورک سے باہر نگہداشت حاصل کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ آپ اپنے منصوبہ کے نیٹ ورک میں کسی فراہم کنندہ یا فیسیلٹی کا انتخاب کر سکتے ہیں۔**

**جب بیلنس بلنگ کی اجازت نہ ہو تو، آپ کو درج ذیل تحفظات بھی حاصل ہوتے ہیں:**

- آپ صرف لاگت کے اپنے حصے کی ادائیگی کیلئے ذمہ دار ہیں (جیسے مشترکہ ادائیگی، مشترکہ بیمہ، اور قابل کٹوتیاں جو آپ ادا کریں گے اگر فراہم کنندہ یا فیسیلٹی درون نیٹ ورک تھی)۔ آپ کا صحت منصوبہ نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان اور فیسیلٹیز کو کسی بھی اضافی خرچ کی براہ راست ادائیگی کرے گا۔

- عام طور پر، آپ کے صحت منصوبہ میں:
  - خدمات کے لیے آپ سے پیشگی منظوری ("پیشگی اجازت" کے بطور بھی معروف ہے) لینے کا تقاضہ کیے بغیر ہنگامی خدمات شامل ہوں گی۔
  - نیٹ ورک سے باہر کے فراہم کنندگان کے ذریعہ فراہم کی جانے والی ہنگامی خدمات شامل ہوں گی۔
  - آپ پر فراہم کنندہ یا فیسیلٹی (لاگت میں حصہ داری) کی واجب الادا رقم کی بنیاد اس بات پر ہوگی کہ وہ درون نیٹ ورک فراہم کنندہ یا فیسیلٹی کو کیا ادا کرے گا اور اس رقم کو اپنی مراعات کی وضاحت میں ظاہر کرے گا۔
  - ہنگامی خدمات یا نیٹ ورک سے باہر کی خدمات کیلئے جو بھی رقم آپ ادا کرتے ہیں اسے اپنی قابل کٹوتی اور استطاعت سے باہر کی حد میں شمار کیا جائے گا۔

**اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو غلط بل دیا گیا ہے اور آپ کی کوریج کنیکٹیکٹ کے قانون** ("مکمل طور پر بیمہ شدہ کوریج") **کے تابع ہے**، تو کنیکٹیکٹ کے بیمہ کے محکمہ (Connecticut Insurance Department) سے 203-3447 (800) پر یا insurance@ct.gov پر رابطہ کریں۔ ریاستی قانون کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کیلئے https://portal.ct.gov/CID/General-Consumer-Information/No-Surprises-Act ملاحظہ کریں۔

سیلف فنڈڈ کوریج یا کنیکٹیکٹ سے باہر خریدی گئی کوریج کے لیے CMS سے 1-800-985-3059 پر رابطہ کریں۔ وفاقی قانون کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کیلئے http://www.cms.gov/nosurprises/consumers ملاحظہ کریں۔